22660-دوست واحباب کے ساتھ تصویر بنوانی

سوال

کیا اپنے دوست واحباب کے ساتھ تصویر بنوانی حرام ہے ؟

پسندیدہ جواب

بلاشک وشبہ ہر ذی روح کی تصویر حرام ہے ، بلکہ کبیرہ گناہ میں شامل ہوتی ہے؛ کیونکہ سنت نبویہ میں اس کی شدید وعید ثابت ہے ، اوراس لیے بھی کہ اس میں اللہ تعالی کی مخلوق بنانے میں مشابہت ہوتی ہے ، اوراس لیے بھی کہ یہ فتنہ کا سبب اور بہت ساری حالات میں شرک کا ذریعہ ہے .

اورگناہ ہر اس شک کو عام ہے جو تصویر خود بنائے یا جسے بنانے کا کہا جائے ، اور ہر وہ شخص جو تصویر بنانے میں معاونت کرے یا تصویر بنانے میں سبب ہو؛ کیونکہ یہ سب گناہ میں ایک دوسرے کا تعاون کررہے ہیں ، اوراللہ سبحانہ وتعالی نے ایسا کرنے سے منع کرتے ہوئے فرمایا ہے :

{اورتم گناہ اور ظلم وزیادتی میں ایک دوسرے کا تعاون مت کرو} المائدۃ (2).

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے .

دیکھیں : فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (454/1).

اورایک دوسرے فتوی میں ہے :

"کیمرہ یا دوسرے آلات تصویر وغیرہ کے ساتھ ذی روح کی تصویر بنانی جائز نہیں ، اور نہ ہی ذی روح کی تصویر رکھنی جائز ہے ، صرف ضرورت والی تصاویر مثلا جو شناختی کارڈ یا پھر پاسپورٹ پر لگی ہوئی ہے ، وہ بنوانی اور رکھنی جائز ہے"

دیکھیں : فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (458/1).

واللہ اعلم .